[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**Bill**

for the prohibition of kite flying in the Islamabad Capital Territory

Whereas, it is expedient to save precious human lives, public and private properties and to provide safety to the precious lives of the residents of the Islamabad Capital Territory by ensuring strict ban on manufacturing of kites and its metallic string its selling, buying and usage etc and matters connected therewith and ancillary thereto;

It is hereby enacted as under:-

1. **Short title, extent and commencement.-** (1) This Act shall be called the Prohibition of Kite Flying Act, 2021.

(2) It extends to whole of the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.-** (1) In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,

(a)"administration" means the Islamabad Capital Territory administration;

(b)"Chairman" means the Chairman of a Union Council as mentioned under the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015);

(c)"Code" means the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898);

(d)"Government" means the Federal Government;

(e)"kite flying" means the flying of a kite at any place with string, metallic wire, nylon cord, tandi or any other string coated wit sharp maanjha or any other material which endangers or is likely to endanger human life or property;

(f)"local government" means a Union Council or the Metropolitan Corporation established under the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 (X of 2015);

(g)"manufacture", in relation to kite flying, all process by which metallic strings or sharp maanjho may be obtained or prepared;

(h)"place" means a street, road, thoroughfare, park, garden, play ground, graveyard, hotel, restaurant, motel, mess, club, house, building, tent, vessel, any roof and open space;

(i)"prescribed" means prescribed by rules made under this Act; and

(j)"sharp maanjho" means a metallic strings, mixture of chemicals, grinded glass or any other injurious and dangerous material, coated on thread for the purpose of kite flying; and

(k)"Territory" means the Islamabad Capital Territory.

(2) The expressions, not defined in sub-section (1), shall have the same meaning as defined in any other relevant law or generally used.

**3. Prohibition of manufacture of kite or sharp maanjha.**- No one shall be allowed to manufacture any kite or sharp maanjha for the purpose of the kite flying

under this Act without permission of the local government in the Territory.

**4. Punishment for contravention of section 3.**- Whoever contravenes the provisions of section 3 shall be punishable with imprisonment which may extend to ten years but shall not be less than five years or with fine which may be upto ten hundred thousand rupees but not less than five hundred thousand rupees or with both.

**5. Prohibition of possession, transport or deliver of kite or sharp maanjha etc.** No one shall be allowed to possess, transport or deliver any kite or sharp maanjha subject to such conditions as may be specified by or under this Act or any other law for the time being in force.

**6. Punishment for contravention of section 6.**- Whoever contravenes the provisions of section 5 shall be punishable with imprisonment which may extend to five years but shall not be less than six months or with fine which may be upto one hundred thousand rupees but not less than ten thousand rupees or with both.

**7. Prohibition of sale, offer for sale, purchase or distribute of kite or sharp maanjha etc.** No one shall be allowed to sell or offer for sale, purchase or distribute any kite or sharp maanjha.

**8. Punishment for contravention of section 7.**- Whoever contravenes the provisions of section 7 shall be punishable with imprisonment which may extend to ten years but shall not be less than two years or with fine which may be upto ten hundred thousand rupees but not less than three hundred thousand rupees or with both.

**9. Prohibition on owning, operating premises or machinery for manufacture of kite or sharp maanjha, etc.** No one shall own, manage, operate or control any premises, place, equipment or machinery for the purpose of manufacture or production of kite or sharp maanjha.

**10. Punishment for contravention of section 9.**- Whoever contravenes the provisions of section 9 shall be punishable with imprisonment which may extend to seven years but shall not be less than one years or with fine which may be upto five hundred thousand rupees but not less than two hundred thousand rupees or with both.

**11. Prohibition of kite flying with sharp maanjha.**- No one shall allow to commit or abet an act of kite flying with sharp maanjha in the Territory.

**12. Punishment for contravention of section 11.**- Whoever contravenes the provisions of section 13 shall be punishable with imprisonment which may extend to ten years but shall not be less than five years or with fine which may be upto two hundred thousand rupees but not less than fifty thousand rupees or with both.

**13. Offences to be non-bailable, compoundable and cognizable.**- All offences under this Act shall be non-bailable, compoundable and cognizable.

**14. Permission of local government.-** The local government may, through a notification issued with the prior approval of the Government, allow kite flying and sale of kites for a period not exceeding fifteen days during the spring season in a year:

Provided that manufacturing of kites and permissible kite flying material may be allowed for such period as the Government may specify by a general or special order. No one shall allow to use a metallic wire, nylon cord or a thread coated with sharp maanjha, manufacturing or sale of any such injurious material for the purpose of kite flying.

**15. Registration.-** Every manufacturer, trader or seller of kites or kite flying material shall get himself registered with the administration in the manner as may be prescribed.

**16. Permission for kite flying.-** (1) An owner or possessor of a place shall obtain prior permission of the Chairman of the area to use the place for kite flying and

intimate the Station House Officer of the area of such permission.

(2) A person, who contravenes the provision of sub-section (1), shall be liable to imprisonment for a term not exceeding six months or to fine not exceeding one hundred thousand rupees or to both.

**17. Kite flying association.-** (1) Local Government may establish a kite flying association in the manner as may be prescribed.

(2) The kite flying association shall perform the prescribed functions in the prescribed manner.

**18. Prohibition of chemical.-** (1) No one shall import into Pakistan any chemical which required for manufacturing of metallic string or sharp maanjha.

(2) The Government may liaison with the Federal Board of Revenue and Ministry of Commerce for banning the import of raw materials required for manufacturing of metallic string or sharp maanjha.

**19. Power of entry, search, seizure and arrest without warrant.-** A police officer not below the rank of sub-inspector upon information or from his personal knowledge and after such inquiry as he thinks necessary may-

(a) arrest without warrant any person committing or suspected to have committed an offence under this Act;

(b) enter and search such place at any time with such assistance as he may require and using such force as may be necessary; and

(c) seize and take possession of any article reasonably suspected to have been used or intended to be used for the purpose of committing an offence under this Act.

**20. Mode of making searches and arrests.-** The provisions of the Code, except those of section 103, shall mutatis mutandis, apply to all searches and arrests in so far as they are not inconsistent with the provisions of this Act.

**21. Appeal.-** An appeal against the order of a Magistrate of the first class shall lie to the Court of Sessions whose decision thereon shall be final.

**22. Summary trial.-** All offences under this Act shall be triable summarily under the Code.

**23. Cognizance of offences etc.-** (1) No court inferior to that of a Magistrate of the first class shal try an offence punishable under this Act.

(2) Notwithstanding anything contained in section 32 of the Code, it shall be lawful for any Magistrate of the first class to pass any sentence authorised by this Act even if such sentence exceeds his powers under the said section 32.

(3) A Magistrate of the first class shall conclude the proceedings within sixty days of the commencement of the proceedings

**24. Cooperation of other law enforcement agencies.-** The other law enforcement agencies including Federal Investigation Agency shall cooperate with the local government and may inform about the actions against individuals who involved in the online business of kite flying and promoting the event of kite flying on social media websites.

**25. Rules.-** The Federal Government may, by a notification in the official Gazette, make rules to carry out the purposes of this Act.

**26. Indemnity.** No suit, prosecution or other legal proceeding shall lie against any person for anything which is in good faith done or intended to be done under this Act or the rules.

**27. Act to override other laws etc.-** This Act shall have effect notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force.

**STATEMENTS OF OBJECTIONS AND REASONS**

Human lives are sacred and a gift from God which are to be respected and protected. Article 9 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan ensured that no person shall be deprived of life or liberty save in accordance with law. This legislation will provide safety to precious lives of the citizens of Capital Territory by ensuring a strict ban on manufacturing of kites, its metallic string, its selling, buying and usage. Exemplary fines and punishments to the wrongdoer are only solution that no family could face the grief of their loved ones separation due to this dangerous game. By introducing exemplary punishments, law enforcing departments will perform better to eliminate illegal kite flying under the zero-tolerance policy, actions are being taken against law violators who are involved in this hazardous activity. After enactment of this law residents of Islamabad will be safe and will not victim of this dangerous game, otherwise, one day, we will again hear, unfortunate news that kite string cut child's throat.

Sd-
**MR.JAMES IQBAL,**
Member National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# دارالحکومتی علاقہ اسلام آباد میں امتناع پتنگ بازی کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قیمتی انسانی جانوں، سرکاری و نجی املاک کو تحفظ فراہم کیا جائے اور پتنگ سازی اور اس کی دھاتی ڈور کی تیاری، اس کی فروخت، خریداری اور استعمال وغیرہ پر سختی سے پابندی کو یقینی بنا کر اسلام آباد کے دارالحکومتی علاقے کے رہائشیوں کی قیمتی زندگیوں کو تحفظ فراہم کیا جاسکے اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات کے لئے انتظام کیا جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔۔** (۱) ایکٹ ہذا امتناع پتنگ بازی ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ پورے اسلام آباد دارالحکومتی علاقے پر وسعت پذیر ہو گا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **تعریفات۔۔** (۱) ایکٹ ہذا میں بجز اس کے کہ متن یا سیاق میں کوئی امر اس کے منافی نہ ہو،

(الف) "انتظامیہ" سے مراد اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ کی انتظامیہ ہے؛

(ب) "چیئرمین" سے مراد یونین کونسل کا چیئرمین ہے جیسا کہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ مقامی حکومتیں ایکٹ، ۲۰۱۵ء کے تحت تصریح کردہ ہے؛

(ج) "ضابطہ" سے مراد مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) ہے؛

(د) "حکومت" سے مراد وفاقی حکومت ہے؛

(ہ) "پتنگ بازی" سے مراد کسی بھی جگہ پر ڈور، دھاتی تار، نائیلون کی ڈور، تندی یا کسی ایسی ڈور سے پتنگ اڑانا ہے جس پر تیز مانجھا یا کوئی اور ایسا مواد لگا ہو جس سے انسانی جان یا املاک کو خطرہ لاحق ہو یا امکان ہو؛

(و) "مقامی حکومت" سے مراد علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء (نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۵ء) کے تحت بنائی گئی یونین کونسل یا میٹروپولیٹن کارپوریشن ہے؛

(ز) پتنگ بازی کے حوالے سے "تیاری" سے مراد وہ تمام عمل ہیں جس کے ذریعے دھاتی تاریں یا تیز مانجھا حاصل یا تیار کیا جاسکتا ہے؛

(ح) "جگہ" سے مراد گلی، سڑک، شارع عام، پارک، باغ، کھیل کا میدان، قبرستان، ہوٹل، ریستوران، موٹل، میس، کلب، مکان، عمارت، ٹینٹ، بحری جہاز، کوئی چھت یا کھلی جگہ ہے؛

(ط) ''تجویز کردہ'' سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت وضع کردہ قواعد میں تجویز کردہ ہے؛اور

(ی) ''تیز مانجھا'' سے مراد دھاتی تاریں، کیمیکلز کا مرکب، پسا ہوا شیشہ یا کوئی اور نقصان دہ اور خطرناک مواد ہے جو پتنگ بازی کے لئے دھاگے پر لگایا گیا ہو؛اور

(ک) ''علاقہ'' سے مراد علاقہ دارالحکومت اسلام آباد ہے۔

(۲) اصطلاحات، جن کی ذیلی دفعہ (۱) میں وضاحت نہیں کی گئی، کا وہی مطلب ہو گا جو کسی دیگر متعلقہ قانون میں دیا گیا ہو یا عام طور پر استعمال ہوتا ہے۔

۳۔ **پتنگ سازی یا تیز مانجھا بنانے کی روک تھام۔-** ایکٹ ہذا کے تحت کسی کو بھی علاقہ ہذا کی مقامی حکومت کی منظوری کے بغیر پتنگ بازی کے لئے کسی بھی قسم کی پتنگ سازی یا تیز مانجھا بنانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۴۔ **دفعہ ۳ کی خلاف ورزی کی سزا۔-** جو کوئی بھی دفعہ ۳ کی تصریحات کی خلاف ورزی کرتا ہے وہ قید جو کہ دس سال تک ہو سکتی ہے لیکن پانچ سال سے کم نہیں ہوگی یا جرمانہ جو کہ دس لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے لیکن پانچ لاکھ روپے سے کم نہیں ہو گا یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہو سکتا ہے۔

۵۔ **پتنگ یا تیز مانجھا وغیرہ کے تصرف، نقل و حمل یا فراہمی کی ممانعت۔-** کسی کو بھی پتنگ یا تیز مانجھا کے تصرف، نقل و حمل یا اس کی فراہمی کی اجازت نہیں ہوگی اور یہ ایکٹ ہذا یا وقتی طور پر نافذ العمل کسی دیگر قانون کے تحت مقرر کردہ ایسی قیود سے مشروط ہو گا۔

۶۔ **دفعہ ۶ کی خلاف ورزی کی سزا۔-** جو کوئی بھی دفعہ ۵ کی تصریحات کی خلاف ورزی کرتا ہے وہ قید جو کہ پانچ سال تک ہو سکتی ہے لیکن چھ ماہ سے کم نہیں ہوگی یا جرمانہ جو کہ ایک لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے لیکن دس ہزار روپے سے کم نہیں ہو گا یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہو گا۔

۷۔ **پتنگ یا تیز مانجھا وغیرہ کی فروخت، فروخت کی پیشکش، خریداری یا فراہمی کی ممانعت۔-** کسی کو بھی کسی پتنگ یا تیز مانجھا کی فروخت، فروخت کی پیشکش، خریداری یا فراہمی کی اجازت نہیں ہوگی۔

۸۔ **دفعہ ۷ کی خلاف ورزی کی سزا۔-** جو کوئی بھی دفعہ ۷ کی تصریحات کی خلاف ورزی کرتا ہے وہ قید جو کہ دس سال تک ہو سکتی ہے لیکن دو سال سے کم نہیں ہوگی یا جرمانہ جو کہ دس لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے لیکن تین لاکھ روپے سے کم نہیں ہو گا یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہو گا۔

۹۔ **پتنگ سازی یا تیز مانجھا وغیرہ کی تیاری کے احاطوں یا مشینری کی ملکیت اور اسے چلانے کی ممانعت۔**۔ کسی کو بھی پتنگ یا تیز مانجھا کی تیاری کے لئے کسی احاطے، جگہ، سازو سامان یا مشینری کی ملکیت، انتظام، اسے چلانے یا اس کی نگرانی کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

۱۰۔ **دفعہ ۹ کی خلاف ورزی کی سزا۔**۔ جو کوئی بھی دفعہ ۹ کی تصریحات کی خلاف ورزی کرتا ہے وہ قید جو کہ سات سال تک ہو سکتی ہے لیکن ایک سال سے کم نہیں ہو گی یا جرمانہ جو کہ پانچ لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے لیکن دو لاکھ روپے سے کم نہیں ہو گا یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہو گا۔

۱۱۔ **تیز مانجھے کے ساتھ پتنگ بازی کا امتناع۔**۔ علاقے میں تیز مانجھے کے ساتھ پتنگ بازی کرنے یا اس کی حوصلہ افزائی کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔

۱۲۔ **دفعہ ۱۱ کی خلاف ورزی پر سزا۔**۔ دفعہ ۱۳ کے احکامات کی خلاف ورزی کرنے والا قید، جو کہ دس سال تک ہو سکتی ہے لیکن پانچ سال سے کم نہیں ہو گی یا جرمانہ، جو کہ دو لاکھ روپے تک ہو سکتا ہے لیکن پچاس ہزار روپے سے کم نہیں ہو گا یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہو گا۔

۱۳۔ **جرائم نا قابل ضمانت، قابل مصالحت اور قابل دست اندازی ہوں گے۔**۔ ایکٹ ہذا کے تحت تمام جرائم نا قابل ضمانت، قابل مصالحت اور قابل دست اندازی ہوں گے۔

۱۴۔ **مقامی حکومت کی اجازت۔**۔ حکومت کی پیشگی منظوری کے ساتھ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے ذریعے، سال میں موسم بہار کے دوران ایسی مدت کے لئے جو پندرہ دن سے زائد نہ ہو، مقامی حکومت پتنگ بازی اور پتنگوں کی فروخت کی اجازت دے سکتی ہے:۔

مگر شرط یہ ہے کہ پتنگ سازی اور پتنگ بازی کے قابل اجازت سامان کی ایسی مدت کے لئے اجازت دی جا سکے جیسا کہ حکومت عمومی یا خصوصی فرمان کے ذریعے صراحت کرے۔ کسی کو دھاتی تار، نائیلون کی ڈور یا تیز مانجھے کی تہہ والا دھاگہ استعمال کرنے اور پتنگ بازی کی غرض کے لئے ایسے نقصان دہ سامان کی تیاری یا فروخت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

۱۵۔ **رجسٹریشن۔**۔ ہر پتنگ ساز، پتنگوں یا پتنگ بازی کے سامان کا تاجر یا انہیں فروخت کرنے والا خود کو انتظامیہ کے ساتھ ایسے طریق کار سے رجسٹر کرائے گا، جیسا کہ مقررہ ہو۔

۱۶۔ **پتنگ بازی کی اجازت۔**۔ (۱) کسی جگہ کا مالک اس مقام کو پتنگ بازی کے لئے استعمال میں لانے کے لئے علاقے کے چیئرمین کی پیشگی اجازت حاصل کرے گا اور اس اجازت سے علاقے کے اسٹیشن ہاؤس آفیسر کو مطلع کرے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والا شخص قید جو چھ ماہ سے زائد نہ ہو یا جرمانہ جو ایک لاکھ روپے سے زائد نہ ہو یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہو گا۔

۱۷۔ **تنظیم برائے پتنگ بازی۔۔** (۱) مقامی حکومت مجوزہ طریقہ کار کے مطابق پتنگ بازی تنظیم کا قیام عمل میں لا سکتی ہے۔

(۲) پتنگ بازی تنظیم مجوزہ طریقہ کار کے مطابق مجوزہ کام سرانجام دے گی۔

۱۸۔ **کیمیکل کی ممانعت۔۔** (۱) کسی بھی فرد کو پاکستان میں کسی قسم کے کیمیکل، جس سے دھاتی تار یا تیز مانجھا تیار کیا سکے، درآمد کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

(۲) حکومت، فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور وزارت تجارت سے دھاتی تار یا تیز مانجھا تیار کرنے والے خام مال کی درآمد پر پابندی عائد کرنے کے لئے رابطہ کرے۔

۱۹۔ **بغیر وارنٹ کے داخلہ، تلاشی، ضبطی اور حراست میں لینے کا اختیار۔۔** ایک پولیس افسر جو سب۔انسپکٹر کے عہدہ سے کم نہ ہو، اطلاع موصول ہونے کی صورت میں یا ذاتی معلومات کی بناء پر اور ایسی تفتیش کے بعد جو وہ ضروری سمجھے۔

(الف) کسی فرد جو جرم کر رہا ہو یا جس پر جرم کرنے کا شک ہو، کو ایکٹ ہذا کے تحت بغیر وارنٹ کے گرفتار کر سکے گا؛

(ب) کسی بھی وقت ضروری مدد اور فورس کے ساتھ کسی جگہ میں داخل ہو سکے گا اور اس کی تلاشی لے سکے گا؛ نیز

(ج) کوئی چیز جس کا جرم کے مقصد کے استعمال کرنے کا ارادہ کیا گیا ہو جرم کے لئے استعمال میں لائے جانے کا شک ہو، کو ایکٹ ہذا کے تحت ضبط کر کے اپنی تحویل میں لے سکے گا۔

۲۰۔ **تلاشی لینے اور گرفتار کرنے کا طریقہ کار۔۔** دفعہ ۱۰۳ کے علاوہ، ضابطہ کی تصریحات کا مناسب تبدیلیوں کے ساتھ تمام تر تلاشیوں اور گرفتاریوں پر اطلاق ہو گا جیسا کہ یہ ایکٹ ہذا کی تصریحات سے عدم مطابقت نہیں رکھتی ہیں۔

۲۱۔ **اپیل۔۔** مجسٹریٹ درجہ اول کے حکم نامہ کے خلاف سیشنز کورٹ میں اپیل کی جائے گی جس پر ان کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

۲۲۔ **سرسری سماعت۔۔** ایکٹ ہذا کے تحت تمام جرائم کا ضابطہ کے تحت سرسری سماعت کے قابل ہوں گے۔

۲۳۔ **جرائم وغیرہ کا اختیار سماعت۔۔** (۱) درجہ اول کے مجسٹریٹ سے کم درجہ کی کوئی عدالت ایکٹ ہذا کے تحت کسی قابل سزا جرم کی سماعت نہیں کرے گی۔

(۲) اس ضابطہ کی دفعہ ۳۲میں کسی امر کے باوجود، درجہ اول کے کسی مجسٹریٹ پر قانونی ہو گا کہ وہ ایکٹ ہذا کے تحت مجاز کسی سزا کو منظور کرے گا حتیٰ کہ یہ سزا دینا مذکورہ دفعہ ۳۲ کے تحت اس کے اختیار سے متجاوز ہو جائے۔

(۳) درجہ اول کا مجسٹریٹ، کارروائیوں کے آغاز سے ٦٠ یوم کے اندر کارروائیوں کو مکمل کرے گا۔

۲۴۔ **قانون نافذ کرنے والی دیگر ایجنسیوں کا تعاون۔۔** قانون نافذ کرنے والی دیگر ایجنسیاں بشمول وفاقی تحقیقاتی ادارہ مقامی حکومت سے تعاون کرے گی اور ان افراد کے خلاف کارروائیوں سے متعلق مطلع کر سکتی ہیں۔ جو پتنگ اڑانے کے آن لائن بزنس اور سوشل میڈیا ویب سائٹس پر پتنگ بازی کے تہوار کو فروغ دینے میں ملوث ہوں۔

۲۵۔ **قواعد۔۔** وفاقی حکومت سرکاری جریدہ میں ایک نوٹیفکیشن کے ذریعہ، ایکٹ ہذا کے مقاصد کی بجاآوری کے لئے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

۲۶۔ **برأت۔۔** کسی شخص کے خلاف کسی امر کی بابت کوئی مقدمہ، استغاثہ یا کوئی دیگر قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی جس نے ایکٹ ہذا یا قواعد کے تحت وہ امر نیک نیتی سے کیا ہو یا کرنے کا ارادہ کیا ہو۔

۲۷۔ **دیگر قوانین وغیرہ کی تنسیخ کے لئے ایکٹ۔۔** فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے باوجود ایکٹ ہذا مؤثر ہو گا۔

## بیان اغراض ووجوہ

انسانی زندگیاں قیمتی اور خدا کا تحفہ ہیں لہٰذا ان کا احترام اور تحفظ کیا جانا چاہیے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۹ میں اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ کسی شخص کو زندگی یا آزادی سے محروم نہیں کیا جائے گا سوائے جبکہ قانون اس کی اجازت دے۔ یہ قانون سازی دارالحکومتی علاقہ جات کے شہریوں کی قیمتی زندگیوں کو پتنگوں کی تیاری، دھاتی تار، اس کی خرید و فروخت اور استعمال پر سخت پابندی کو یقینی بناتے ہوئے تحفظ فراہم کرے گی۔ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو مثالی جرمانے اور سزائیں ہی اس کا حل ہیں کیونکہ کوئی خاندان اس خطرناک کھیل کی وجہ سے اپنے پیاروں کی جدائی کا غم برداشت نہیں کر سکتا۔ مثالی سزاؤں کے آغاز سے، قانون نافذ کرنے والے ادارے، انتہائی عدم برداشت کی پالیسی کے تحت غیر قانونی پتنگ بازی کے خاتمے کے لئے بہتر کارکردگی دکھا سکیں گے۔ اس خطرناک سرگرمی میں ملوث قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ ایکٹ ہذا کے وضع ہونے کے ذریعے اسلام آباد کے مکین محفوظ ہو جائیں گے اور اس خطرناک کھیل کا شکار نہیں ہوں گے وگرنہ ایک دن ہم یہ بری خبر پھر سنیں گے کہ پتنگ کی ڈور سے بچے کا گلہ کٹ گیا۔

دستخط/۔

**جناب جیمز اقبال**
رکن، قومی اسمبلی